سوال

کیاشادی کی غرض سے مسلمان کئی ایک عورتوں کو دیکھ سکتا ہے ، یا کہ اس پر ضروی ہے کہ وہ ایک لڑکی دیکھے اگر اسے اس سے شادی کی رغبت نہ ہو تو دوسری دیکھے ؟

جواب

الحمد للہ

لڑکے کے لیے منگیتر لڑکی کو دیکھنا اس لیے جائز کیا گیا ہے تا کہ اسے سکون اور اطمنان حاصل ہو اور سنت پر عمل ہو سکے ، جیسا کہ مغیرہ رضی اللہ تعالی عنہ اور دوسری احادیث میں ملتا ہے ۔

منگیتر کو دیکھنے کے لیے چار شرطوں کا پایا جانا ضروری ہے :

پہلی شرط : نکاح کا عزم ۔ دوسری : عدم خلوت

تیسری : فتنے کا ڈر نہ ہو چوتھی : مشروع مقدار سے زیادہ نہ دیکھا جائے ۔ مشروع مقدار یہ ہے کہ جو لڑکی عام طور پر ظاہر رکھتی ہے یعنی اپنے بھائی والد وغیرہ کے سامنے ننگا رکھے ۔

آپ اس کی تفصیل دیکھنے کے لیے سوال نمبر (2572) کے جواب کا مطالعہ کریں ۔

تو اس بنا پر لڑکی اس وقت ہی دیکھی جائے گی جب اس سے نکاح کرنے کا پختہ عزم اور ارادہ ہو ، اگر تو اسے دیکھنے کے بعد وہ راضی ہو تو ٹھیک وگرنہ وہ کسی اور کی طرف منتقل ہو جائے ۔ .

اسلام سوال و جواب

5503